شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب و روز

ملاکنڈ اور دیگر ایجنسیوں کے فضلاء حقانیہ کی مولانا سمیع الحق سے ملاقات

تحریک نفاذِ شریعت کی حمایت اور علماء و مشائخ کے نام اہم پیغام

ملاکنڈ، قبائل اور مختلف ایجنسیوں سے تعلق رکھنے والے فضلاء حقانیہ بڑی تعداد وفود کی شکل میں دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے، دارالعلوم کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ العالی سے ملاقات کی۔ ملاکنڈ، مہمند، باجوڑ، خیبر اور دیگر ایجنسیوں میں تحریک نفاذ شریعت کے سلسلہ میں آپ سے مشورہ اور تبادلہ خیال کیا۔

مولانا سمیع الحق نے اس موقع پر دارالعلوم کے فضلاء کے متعدد وفود کو مختلف قبائل اور ایجنسیوں کے علماء، مشائخ، اہل علم، ذی اثر حضرات کی خدمت میں خصوصی مشن پر بھیجا اور وہاں کے علماء و مشائخ کے نام تحریک نفاذِ شریعت کی حمایت اور اسے منزل مقصود تک پہنچانے کے سلسلہ میں ایک ایک تحریری پیغام بھی بھیجا۔ ذیل میں علماء و مشائخ آپ کا مکتوب گرامی منقول ہے۔

محترم المقام علماء کرام و مشائخ عظام قبائل پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ملاکنڈ ایجنسی اور فاٹا اور آزاد قبائل میں تحریک نفاذِ شریعت کی شکل میں اسلامی قوانین کے نفاذ کی جدوجہد قابلِ تحسین اور جرأت مندانہ اقدام ہے۔ نفاذ شریعت ہر مسلمان بالخصوص علماء کا اولین فریضہ ہے اور قیام پاکستان کا اصل مقصد ہے یہی ہمارے ایمان کا تقاضا اور اسلامی سیاست کی منزل و محور ہے دارالعلوم حقانیہ اور جمعیۃ علماء اسلام نے ملک کے کسی بھی حصہ بالخصوص مذکورہ علاقوں میں نفاذِ شریعت کی ہر تحریک کی ہر ممکن شکل میں تائید و حمایت کا اعلان کیا ہے آپ سب سے میری مخلصانہ اپیل ہے کہ ہر قسم کی گروہی، علاقائی، لسانی اور سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر اس تحریک کی خالصۃً اللہ تعالیٰ کی رضا اور اسلام کی بالادستی کی خاطر ممکن تعاون فرمادیں اس راہ کی ہر کوشش اللہ تعالیٰ کے ہاں باعث اجر ہوگی قطع نظر اس کے کہ تحریک کے قائدین کون ہیں اور